"بادبان" ـــ "پیغام" | مدیر: تنویر شہزاد ـ مقام اشاعت: بزم پیغام ـ ۱ ـ اے ذیلدار پارک اچھرہ، لاہور۔ قیمت: فی پرچہ، ایک روپیہ ـ سالانہ ۲۰/- روپے۔

یعنی اصلاً تو ہفت روزہ "بادبان" ہے ـ لیکن اس کے ذریعے اب سکولوں کے طلبار کو علم، سچائی، نیکی اور ترقی کا پیغام پہنچایا جارہا ہے۔

اسکولی درجے تک کے طلبہ کے لیے اسے اداریوں، مضامین، کہانیوں، نظموں، لطیفوں، پہیلیوں وغیرہ کا مجموعہ بنا کر غالباً مہینے میں دو بار بھیجا جاتا ہے ـ چھوٹا کتابی سائز ہے ـ اچھی خاصی کوشش ہے ـ مگر دوسرے اداروں میں بچوں کے لیے جس معیار کا کام ہورہا ہے ـ اس کے لحاظ سے مزید ترقی کرنے کی ضرورت ہے۔

مظلوم علاقوں کے رسائل | مظلوم علاقوں سے یا ان کے متعلق آنے والے رسائل کا ہم یہاں یک جا ذکر کر رہے ہیں ـ یہ مظلوم انسانی آبادیوں کے حالات پر ہر اشاعت میں مضامین، خبروں اور تصویروں کے روپ میں نوع انسانی کی فریادیں پیش کرتے ہیں۔

۱ ـــ INSAF ـ یہ روہنگیا سالیڈیریٹی آرگنائزیشن، اراکان (برما) کا سہ ماہی انگریزی رسالہ ہے ـ آج کل لاکھوں مسلمان برما میں دردناک احوال سے دوچار ہیں، بلکہ وہاں سے نکالے جاتے ہیں ـ ان کا اندازہ اس کے مطالعہ سے ہوتا ہے ـ اچھی خاصی تاریخ بیان کی گئی ہے ـ قیمت معلوم نہیں۔

۲ ـــ دوامِ نو (ماہنامہ) ـ مدیر اعزازی ڈاکٹر سید عبدالباری و مجلس مشاورت)۔ دفتر: ٹانڈہ، ضلع فیض آباد، یو، پی ـ بھارت ـ شمارہ نمبر ۸، ۹ (جلد ۲) سامنے ہے ـ انڈیا کے حالیہ مسلم کش اور مسلم آزار ریلے میں جو قیامت گذری ہے ـ اس کا تذکرہ مضامین اور رپورٹوں میں بھی ہے ـ اور تڑپا دینے والی تصاویر بھی ـ قیمت فی پرچہ ۵۰/۴ روپے انڈیا۔

۳ ـــ ماہنامہ تکبیر (کشمیر) مدیر مسئول: جوہر قدوسی ـ مقام اشاعت: کاشانہ ناظم ـ دار الہدیٰ روڈ ـ پلوامہ ـ کشمیر۔

خط وکتابت پوسٹ بکس نمبر ۴۶۹ ـ سری نگر ۱۹۰۰۱ ـ کشمیر ـ کشمیر میں قیمت فی پرچہ ۵/- روپے ـ سالانہ ۸۴/- روپے

اس رسالے میں عالمی اور دنیائے اسلام کی خبروں کے علاوہ، حکومت کشمیر کی غلط پالیسیوں اور